**20/05/2025**

**09.25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  عابدہ اختر سے خبریں سُنئے**

**نائب وزیر اعلیٰ**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں متعدد وفود اور افراد سے ملاقات کی ۔ وفود نے نائب وزیر اعلیٰ کو اپنے علاقونمیں بنیادی سہولیات اور عوامی اہمیت کے حامل کئی مسائل اجا گر کئے ۔**

**نائب وزیر اعلیٰ نے ان وفود کو بغور سُنا اور ان کے جائز مسائل کومرحلہ وار طور پرحل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔**

**رانا**

**جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانانے جنگلی حیات اور انسانوں کے بیچ تصادم کو کم کرنے کے لئے ایک اہم پیش رفت کے طور پرجموں سے دس خصوصی وائلڈ لائف ریسکو گاڑیوں کو جھنڈی دِکھا کرروانہ کیا۔اِس موقعہ پر وزیر موصوف نے اِنسانی جان و مال کے تحفظ اور ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرنے پر زور دیا۔**

**حج**

**حج کمیٹی لداخ کے چیر مین حاجی محمد علی مجاز نے لیہہ میں پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن ریجیجو کے ساتھ ملاقات کی اور سرینگر میں رکے پڑے حج عازمین کیلئے پروازوں کا انتظام کرنے کا معاملہ وزیر موصوف کی نوٹس میں لایا ۔**

**کرن ریجیجو نے انہیں یقین دلایا ہے کہ حج عازمین کے معاملات ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے اور ان کی راحت رسانی مرکزی سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔**

**جی این ایتو**

**ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے کہا ہے محکمہ تعلیم میں اس وقت لگ بھگ 17ہزار اساتذہ غیر تربیت یافتہ ہیں۔**

**سرینگر میں انسٹی چیوٹ آف ایڈوانس ا سٹیڈیز ان ایجوکیشن کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب کے حاشیے پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان اساتذہ کو مرحلہ وار طریقے کرایا جائے گا ۔ انہوں نے کہاB.Ed پر**

**<u>شانت منو</u>**

**محکمہ طبی تعلیم اور کھیلوں کے محکمہ کے تعاون سے گورنمنٹ ڈگری کالج گاندر بل کے این ایس ایس یونٹ نے طلباءکی حفاظت ، لچک اور شہری ذمہ داری کو فروغ دینے نیز سیلف اور سول ڈیفنس سے متعلق ایک دن کے آگاہی پروگرام کا اہتمام کیا ۔**

**اس موقعے پر اسکولی تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری شانت منو مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔**

**<u>ڈی سی سرینگر</u>**

**ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے گذشتہ رات آندھی اور طوفان سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کی غرض سے سرینگر شہر کا دورہ کیا ۔انہوننے بجلی کی ترسیلی لائنوں کے علاوہ تعمیرات کو ہوئے نقصان کا بر سر موقعہ جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ نقصانات کی ایک رپورٹ تیار کریں تاکہ متاثرین کو فی الفور معاوضہ فراہم کیا جا سکے۔**

**<u>بڈگام</u>**

**ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے ریشی پورہ بڈگام کا دورہ کرکے وہاں تعمیر کئے جا رہے ضلع اسپتال اور کرٹیکل کیئر یونٹ پرجاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔**

**اس موقعے پر ضلع ترقیاتی کمشنر نے 125بستروں پر مشتمل اسپتال اور سو بستروں پر مشتمل کرٹیکل یونٹ کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے متعلقہ ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ دونوں یونٹوں کی تعمیر کو بر وقت تکمیل تک پہنچانے میں ہر ممکن اقدامات کریں ۔**

**<u>ڈی سی کپواڑہ</u>**

**ڈپٹی کمشنر کپواڑہ ایوشی سودھن نے ٹکر کپواڑہ میں میلہ کھیر بھوانی کے احسن انعقاد کیلئے انتظامات کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ میٹنگ میں بجلی اور پانی کی فراہمی ، طبی سہولیات، سیکورٹی اور صفائی ستھرائی نیزضروری اشیاءاور دیگرانتظامات کی دستیابی پر تفصیلی غور و خوض کیاگیا۔**

**<u>کپواڑہ پولیس</u>**

**کپواڑہ پولیس نے درگمولہ کے ایک نجی اسکول میں فوجداری قوانین کے حوالے سے ایک جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا۔اس موقعے پر ان قوانین کی عمل آوری اور جرائم کو روکنے اور اس طرح کے مختلف کیسوں کے بر وقت نپٹارے پر تبادلہ خیال کیاگیا۔**

**دریں اثنا گاندربل پولیس نے گگن گیر سونہ مرگ کے نذیر احمد رینانامی ایک منشیات فروش کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے نشیلی ادویات ضبط کی ہے۔**

**<u>گرفتاری</u>**

**بارہمولہ پولیس نے برزلہ کنزر میں غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ایک گروپ کا پردہ فاش کرتے ہوئے چار افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے ۔ پولیس اسٹیشن کنزرنے اس سلسلے میں ایک کیس درج کرکے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے ۔**

**<u>پروگرام اطلاع</u>**

**ایک اطلاع پروگرام شہر شہرمنظر کے حوالے سے :-**

**سامعین اگر آپ اپنے مسائل کو اس پروگرام کے ذریعے سے اجا گر کرکے متعلقہ حکام کی نوٹس میں لانا چاہتے ہوں، تو آپ ہر سوموار ، منگلوار اور بدھ کو صبح ساڑھے دس بجے سے دو پہر 12بجے تک فون نمبر0194-2452019پر کال کرکے اپنے مسائل حل کروا سکتے ہیں۔**

**0194-2452019 فون نمبرا یک مرتبہ پھر سنیئے:**

**<u>اطلاع</u>**

**پروگراموں میں داخلوں کیلئے آن لائن UG-PG کشمیر یونیورسٹی نے انڈرگریجوٹ اور انٹیگریٹیڈ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ26مئی تک بڑھا دی ہے۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**